صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 10 جون 2022ء بمطابق 10 ذیقعدہ 1443ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔

محترمہ چیئر پرسن، سمیرا شمس مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنۡ رِّجَالِكُمۡ وَلٰـكِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمًا ﴿۴۰﴾ يٰۤـاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوا اللّٰهَ ذِكۡرًا كَثِيۡرًا ۙ ﴿۴۱﴾ وَّ سَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِىۡ يُصَلِّىۡ عَلَيۡكُمۡ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخۡرِجَكُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ؕ وَكَانَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَحِيۡمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمۡ يَوۡمَ يَلۡقَوۡنَهٗ سَلٰمٌ ۖۚ وَاَعَدَّ لَهُمۡ اَجۡرًا كَرِيۡمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤـاَيُّهَا النَّبِىُّ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا ۙ ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذۡنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيۡرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ بِاَنَّ لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ فَضۡلًا كَبِيۡرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الۡكٰفِرِيۡنَ وَالۡمُنٰفِقِيۡنَ وَدَعۡ اَذٰٮهُمۡ وَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيۡلًا ﴿۴۸﴾

(ترجمہ): (لوگو) محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، مگر وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں، اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ﴿۴۰﴾ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ کو کثرت سے یاد کرو ﴿۴۱﴾ اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو ﴿۴۲﴾ وہی ہے جو تم پر رحمت فرماتا ہے اور اس کے ملائکہ تمہارے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں تاکہ وہ تمہیں تاریکیوں سے روشنی میں نکال لائے، وہ مومنوں پر بہت مہربان ہے ﴿۴۳﴾ جس روز وہ اس سے ملیں گے اُن کا استقبال سلام سے ہوگا اور اُن کے لئے اللہ نے بڑا باعزت اجر فراہم کر رکھا ہے ﴿۴۴﴾ اے نبیؐ، ہم نے تمہیں بھیجا ہے گواہ بنا کر، بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر ﴿۴۵﴾ اللہ کی اجازت سے اُس کی طرف دعوت دینے والا بنا کر اور روشن چراغ بنا کر ﴿۴۶﴾ بشارت دے دو اُن لوگوں کو جو (تم پر) ایمان لائے ہیں کہ ان کے لئے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے ﴿۴۷﴾ اور ہرگز نہ دبو کفار و منافقین سے، کوئی پرواہ نہ کرو ان کی اذیت رسانی کی اور بھروسہ کر لو اللہ پر، اللہ ہی اس کے لئے کافی ہے کہ آدمی اپنے معاملات اُس کے سپرد کر دے ﴿۴۸﴾۔ وآخرُ الدعوانا أنِ الحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

رسمی کارروائی

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جی پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>محترمہ چیئرپرسن:</u> ایک پوائنٹ لے لیتے ہیں اس کے بعد پھر Questions Hour پہ جائیں گے۔ جی نگہت اورکزئی صاحبہ!

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> بات یہ ہے کہ ہم اس اجلاس کو Continue کرنا چاہتے ہیں تو کچھ پوائنٹس آف آرڈرز لے لیں تاکہ جو لوگ ابھی تک نہیں پہنچے ہیں تو وہ بھی پہنچ جائیں۔ میں کھلے الفاظ میں نہیں کہنا چاہتی ورنہ پھر بات ہی ختم ہو جائے گی۔ دیکھیں میڈم سپیکر صاحبہ، آپ کے اوپر جو چیز لکھی ہوئی ہے "اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعدِی" اور پھر قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہر مومن، بے شک فرشتے بھی، بے شک فرشتے بھی اور اللہ تعالیٰ بھی حضرت محمد ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں تو اے مسلمانوں! تم بھی، اے مومنوں! تم بھی حضرت محمد ﷺ پر درود و سلام بھیجا کرو۔ میڈم سپیکر صاحبہ، بھارت ایک ایسا انتشاری ملک ہے کہ جس میں کروڑوں کی آبادی مسلمانوں کی ہے لیکن وہاں کی ایک ایسی گستاخ عورت نے میرے نبی حضرت محمد ﷺ جو کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب اور آخری نبی ہیں جن کے لئے پوری کائنات بنی ہے اور اس کے لئے میرا لفظ ہو گا کہ گستاخ رسول ﷺ سر تن سے جدا۔ میں اس کی بیانات کی جو اس نے حضور ﷺ کے جو شب معراج کی رات کو براق پہ اور اس پہ تبصرہ کرتے ہوئے باقی میں الفاظ استعمال نہیں کرنا چاہتی ہوں جو تبصرہ کیا۔ تو میں اس گستاخ رسول ﷺ کو بتا دینا چاہتی ہوں کہ ابھی اس پاکستان میں ایسی عورتیں، ایسے مرد، ایسے بچے موجود ہیں جو اپنا سر تن سے جدا کر کے اور ان کے ایک ایک خون کے قطرے سے یہ جواب آئے گا کہ یا رسول ﷺ! بے شک آپ ﷺ اللہ کے آخری نبی اور آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں جن کے لئے پوری کائنات بنی ہے۔ جناب میڈم سپیکر صاحبہ، میں یہاں سے اس گستاخ رسول ﷺ کو یہ کہنا چاہتی ہوں کیونکہ کل اس نے ٹی وی پہ آ کے کہا کہ جی مجھے پاکستان سے دھمکیاں مل رہی ہیں۔ ہاں، ہم تمھیں دھمکی دیتے ہیں کہ گستاخ رسول ﷺ کی سزا سر تن سے جدا۔ اور ہم اس چیز کو کبھی بھی مودی اور اس کی یہ Fascist حکومت سن لیں کہ ہم اپنے نبی حضرت محمد ﷺ پہ کوئی گستاخی، کسی قسم کا کوئی نازیبا لفظ فقرہ برداشت نہیں کریں گے اور یہ میں بتا دوں کہ یہ حضرت محمد ﷺ ہی تھے کہ جن کے لئے پوری کائنات بنی جن کو کہ منٹوں سیکنڈوں میں آسمانوں تک

ایک براق میں پہنچایا۔ گستاخ رسول ﷺ تم ذرا اس اسلام کا معائنہ تو کر کے دیکھو، مطالعہ تو کر کے دیکھو کہ اسلام کا مذہب کتنا اچھا اور کتنا بھائی چارے کا مذہب ہے۔ تم جو گائے کا پیشاب پینے والے لوگ ہو، تم یہ بات میرے حضور ﷺ کے بارے میں یہ بات کرتے ہو۔ تم میرے محبوب، اللہ تعالیٰ کے محبوب اور میرے رسول ﷺ جن کی شفاعت، مجھے قیامت کے دن ان کی شفاعت نصیب ہو گی اور میں فخر کرتی ہوں کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے مسلمان پیدا کیا۔ میں فخر محسوس کرتی ہوں کہ میری آل اولاد کو میرے ماں باپ، میرے دادا، دادی، میری پوری نسل کو اللہ تعالیٰ نے مسلمان پیدا کیا اور اس کے بعد حضور ﷺ کا امتی بنایا۔ تو گستاخ رسول ﷺ یہ سن لو کہ "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیمَ اِنَّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ O اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیمَ اِنَّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ"۔ میڈم سپیکر صاحبہ، وہاں پہ لکھا ہے "اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعدِی"۔ میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور اس میں میرا خیال ہے کہ میری ایک مذمتی قرارداد جمع ہے لیکن آپ کی چیئر جو ہے تو وہ ان حساس معاملات کو نہ یہاں پہ اسمبلی میں لاتی ہے نہ مسلمانوں کے جذبات کو سمجھتی ہے اور نہ ہی اس چیز کو اجاگر کرتی ہے کہ ہم لوگ اس پہ احتجاج کریں۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ آج میرے سمیت سب نے کالی پٹیاں باندھی ہوتیں، سب نے کالے کپڑے پہنے ہوتے اور ہم یہاں پہ یکجا ہو کے محمد رسول ﷺ کا نعرہ لگاتے۔ میڈم سپیکر صاحبہ، اور پورے پاکستان میں اور بشمول خیبر پختونخوا میں ہم ایم پی ایز جو کہ نمائندگان ہیں، 145 کا ہاؤس ہے ہم اس Rally کو Lead کرتے تاکہ وہاں تک بھارت تک پیغام پہنچتا کہ حضور ﷺ کے شیدائی ابھی اس دنیا میں موجود ہیں، ان پہ جان قربان کرنے والے لوگ ابھی موجود ہیں، ان کے نبوت کے خلاف کوئی بات کرے گا تو ان کے سر تن سے، سر تن سے کٹنے کے لئے اور کٹانے کے لئے ابھی لوگ موجود ہیں۔ میڈم سپیکر صاحبہ، میں یہیں پہ اپنے الفاظ کا اختتام کرتی ہوں اور آخر میں ایک بات آپ سے سوال کرنا چاہتی ہوں اور وہ یہ ہے کہ سپیکر صاحب تو بیمار ہیں کیا ڈپٹی سپیکر صاحب بھی بیمار ہیں، ان کو کیا ہوا؟ ان کی صحت کے بارے میں مجھے بڑی تشویش ہو رہی ہے، ان کو مسئلہ کیا ہے کہ وہ نہیں آئے کیونکہ اکثر و بیشتر جب سپیکر صاحب نہیں ہوتے ہیں بلکہ Most of the time جب سپیکر صاحب نہیں ہوتے ہیں تو ہمارے آنریبل ڈپٹی سپیکر صاحب موجود ہوتے ہیں اور میں یہاں سے پوچھنے کی جسارت بھی کروں گی کہ کون کم بخت ہے کیونکہ ایک

میسج چلا ہے، پورے میڈیا پہ آیا ہے کہ ان سے اختیارات واپس لئے گئے ہیں۔ کیا میں وجہ پوچھ سکتی ہوں کہ ہمارے آنریبل ڈپٹی سپیکر صاحب جو کہ دو بندوں کے پاس عہدہ نہیں رہ سکتا میڈم سپیکر صاحبہ، نہ گورنری کا اور نہ سپیکری کا۔ یہ حق محمود جان کا ہے کہ وہ قائم مقام سپیکر رہے، ان کے پاس تمام اختیارات ہوں۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: میں ایک نہیں میڈم سپیکر صاحبہ، یہ ایک قانونی جنگ ہے اور قانونی جنگ میں آپ میرا ساتھ دیں گی کیونکہ آپ ڈاکٹر ہیں۔ آپ یہاں پہ Chair پہ اس لئے بیٹھی ہیں کہ آپ انصاف کر سکیں۔ محمود جان صاحب کی طبیعت خراب ہے یا وہ ملک سے باہر ہیں مجھے آپ سے سوال کا جواب لینا ہے۔ مجھے کسی اور سے جواب نہیں لینا ہے اور ان سے اختیارات واپس کیوں لئے گئے؟ اس کا جواب بھی آپ نے مجھے دینا ہے کہ ان سے اختیارات واپس کیوں لئے گئے؟ ان کے اختیارات کس کم بخت نے، کس کم بخت نے ان کے اختیارات کم کئے اور ان کے ہاتھوں پہ اس وقت چھالے کیوں نہیں پڑ گئے۔۔۔۔۔

<u>Mst. Chairperson</u>: Thank you Madam.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: کہ جب ان کے اختیارات میں کمی کی بات آرہی تھی۔ Thank you Madam۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: Chair کو Address کر کے آپ نے بات کی میرے خیال سے یہ Panel of Chair اسی لئے بنایا جاتا ہے کہ جب Leave پہ ہوتے ہیں سپیکر صاحب یا ڈپٹی سپیکر صاحب تو اس کے بعد پھر ایک Panel ہوتا ہے میرے بعد بھی باقی ممبرز ہیں جو Chair کریں گے اور یہ ایک سسٹم چلتا ہے اور ڈپٹی سپیکر صاحب کا شاید ان کی طبیعت خراب ہے وہ میرے علم میں نہیں ہے میں صاف کہوں گی وہ آپ کو بتادیا جائے گا۔ جی اس کی پوائنٹ آف آرڈر پہ، اس پوائنٹ آف آرڈر پہ کسی اور نے بات کرنی ہے یہ ضروری پوائنٹ آف آرڈر ہے گورنمنٹ کی طرف سے کسی نے اس پہ بات کرنی ہے۔ Questions hour پہ چلے جاتے ہیں۔

(شور)

محترمہ چیئرپرسن: جی جی۔ میڈم! آپ کی بات بالکل پہنچ چکی ہے، ریکارڈ پہ بھی آچکی ہے آپ کے۔ Question hour پہ چلے جاتے ہیں، پلیز۔ Last میں باقی پوائنٹ آف آرڈرز لے لیں گے۔ یہ حرمت رسول ﷺ کا بہت ضروری تھا اس لئے ہمیں پہلے لینا تھا بعد میں لے لیں گے۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mst. Chairperson: 'Questions Hour': Question number one, 13831, Mst. Shagufta Malik, lapsed. Question number two, 13874. Miss Nighat Orakzai.

* 13874 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا کے پاس فی الوقت کتنی گاڑیاں نیلامی کی منتظر ہیں، ان میں سے کتنی گاڑیاں ناکارہ حالت میں ہیں، ان میں کونسی خرابیاں ہیں، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): (الف) محکمہ انتظامیہ مروجہ قوانین کے تحت ناکارہ (Condemned) گاڑیوں کی نیلامی کا اختیار رکھتی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ انتظامیہ نیلام کمیٹی کے توسط سے گاڑیاں نیلام کرتی ہیں جو مفید زندگی مکمل کر چکی ہوں اور جسے متعلقہ محکمہ نے موٹر وہیکل ایگزامینر محکمہ ٹرانسپورٹ کے توسط سے ناکارہ قرار دیا ہو۔ حال ہی میں مندرج ذیل گاڑیوں کی نیلامی کی گئی ہے:

1۔ رجسٹرڈ گاڑیاں 81 عدد
2۔ سکریپ گاڑیاں 18 عدد
3۔ موٹر سائیکل 40 عدد

ذکر شدہ گاڑیوں میں صرف دو گاڑیاں جن میں ایک سوزوکی خیبر اور دوسری سوزوکی مارگلہ ہے، کم بولی لگنے کی وجہ سے رہ گئی ہیں۔ اس کے علاوہ محکمہ کے پاس کوئی رجسٹرڈ ناکارہ (Condemned) قابل نیلامی گاڑی نہیں ہے۔ مزید برآں محکمہ انتظامیہ کے پاس تقریباً 99 نان کسٹم پیڈ ناکارہ Condemned گاڑیاں ہیں جو کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے حوالے کرنی ہیں۔ اس سلسلے میں کسٹم اتھارٹی سے حوالگی کے متعلق خط وکتابت ہوئی ہے تاہم ایف بی آر تاحال ان گاڑیوں کو وصول کرنے سے ہچکچا رہی ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میڈم سپیکر صاحبہ! آپ بھی جذباتی ہیں اور میں بھی جذباتی ہوں۔ بات یہ ہے کہ جب میں سپیکر صاحب کے گھر گئی، ان کی عیادت کے لئے تو مجھ پہ ان کے گھر کا دروازہ بند تھا۔ مجھے ایم پی اے کو اندر جانے نہیں دیا گیا جبکہ ڈاکٹرز اور سارے لوگ وہاں پہ آتے جاتے تھے۔

محترمہ چیئرپرسن: میڈم! اگر Question پہ بات کریں تو۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میڈم! میری بات سن لیں تھوڑی سی ہمت پیدا کریں ذرا دل بڑا کریں اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر ڈپٹی سپیکر صاحب بیمار ہیں تو چلیں آپ کی قیادت میں ہم سب لوگ ان کے گھر جاتے ہیں اور میں اس سوال کو Press نہیں کرنا چاہتی۔

Mst. Chairperson: Question number three, Question number two lapsed. Question number three, 14250, Mr. Mir Kalam Khan.

* 14250 _ جناب میر کلام خان: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع شمالی وزیرستان میں سروبی ڈیم منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچ چکا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبہ کب تک Functional ہو جائے گا، وجہ تاخیر کیا ہے، مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) معزز رکن اسمبلی کی خدمت میں عرض ہے کہ ضلع شمالی وزیرستان میں سروبی ڈیم منصوبے کا PC-1 revised کیا گیا ہے اور اس منصوبے پر کام جاری ہے۔

(ب) اس منصوبے پر تقریباً Ninety five percent کام مکمل ہو چکا ہے اور دسمبر 2022 میں مکمل طور پر Functional ہو جائے گا۔ منصوبے پر کام علاقہ میں امن وامان کی خراب حالات کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہوا۔

جناب میر کلام خان: Thank you Madam Speaker۔ یہ Question تو میں نے تقریباً دو سال پہلے جمع کیا تھا ابھی جواب آیا ہے پھر بھی ٹھیک ہے لیکن اس میں بالکل Shortly یہ اتنا میں نے Completely detail مانگا ہے اس کے ساتھ اور وہ Detail نہیں ہے، Shortcut اس نے بالکل بات کی ہے کہ یہ Ninety five percent مکمل ہے اور یہ مکمل ہو جائے گا۔ تو میرے خیال میں منسٹر صاحب ہے نہیں، بس ٹھیک ہے کوئسچن سے میں مطمئن ہوں۔ Thank you۔

محترمہ چیئرپرسن: آپ واپس لیتے ہیں اپنا Question؟

جناب میر کلام خان: جی میڈم سپیکر۔

Mst. Chairperson: Okay. Question number four, 13867, Mst. Humaira Khatoon.

* 13867 _ محترمہ حمیرا خاتون: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مالی سال 20-2019 اور 21-2020 کے دوران صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت کتنی رقوم رکھی گئی تھیں اور مذکورہ عرصہ کے دوران خرچ ہونے والی رقوم کی ضلع وار مالیت کیا ہیں؛

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ کے تحت سالانہ اے ڈی پی میں رکھی گئی رقوم میں کتنی خرچ اور کتنی رقوم Lapse ہوئی ہیں، خرچ شدہ اور واپس شدہ رقوم کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ میں بھرتی ہونے والے افراد کی سکیل اور ضلع وار تعداد کیا ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں): (الف) مالی سال 20-2019 اور 21-2020 کے دوران صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت مختص اور خرچ شدہ رقوم کی تفصیل ضمیمہ (الف) پر لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ کے تحت سالانہ اے ڈی پی کی تفصیلات ضمیمہ (ب) پر لف ہے۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

(ج) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ میں بھرتی ہونے والے افراد کی سکیل اور ضلع وار تفصیل ضمیمہ (ج) پر لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

محترمہ حمیرا خاتون: جی شکریہ محترمہ سپیکر صاحبہ، میں اپنے جواب سے مطمئن ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میڈم سپیکر صاحبہ! اس پہ میرا ایک سپلیمنٹری ہے۔

محترمہ چیئرپرسن: سپلیمنٹری کو سچین، نگہت اورکزئی صاحبہ!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میرا سپلیمنٹری اس پہ یہ ہے کہ یہ چونکہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور زکواۃ اور عشر اور Women's Empowerment پہ ہیں۔ میڈم سپیکر صاحبہ، آپ کو پتہ ہے کہ Domestic Violence Act کو دو سال ہو گئے ہیں کہ پاس ہو چکا ہے اور تاحال ضلعی کمیٹیاں نہیں بن سکیں اور اس کے علاوہ اس پہ سپیکر صاحب کی بھی رولنگ آ چکی ہے۔ اس کی رپورٹ اسمبلی کے اندر

طلب کریں، آپ رولنگ دیں اور اس کی رپورٹ طلب کریں کیونکہ اس پہ ہم نے پاپولیشن ویلفیئر اور سوشل ویلفیئر کمیٹیوں میں مسلسل گزشتہ پانچ مہینوں سے آواز اٹھائی ہے لیکن متعلقہ محکمہ ٹس سے مس نہیں ہو رہا ہے۔ اور ساتھ ساتھ اس پر سوشل ویلفیئر کمیٹی کی چیئرپرسن کی توجہ دلاؤ نوٹس بھی تین دفعہ پہلے جمع ہو چکے ہیں۔ میڈم سپیکر صاحبہ، یہ بہت Important Question ہے Women's Empowerment کا اور سوشل ویلفیئر کا۔ دیکھیں میڈم سپیکر صاحبہ، جب دو سال پہلے ایک ایکٹ بن چکا ہوتا ہے اور یہاں پہ ہماری ایکٹ میں جو ترامیم ہو چکی ہیں، دو سال پہلے ہوئی ہیں اور ابھی تک اگر یہ کمیٹیاں نہیں بنی ہیں، تو میرا خیال ہے آپ بھی ابھی رولنگ دے دیں، کیونکہ پہلے بھی رولنگ آ چکی ہے سپیکرز صاحبان کی، تو اگر آپ کی رولنگ کے بعد بھی کچھ نہیں ہوتا تو میں پھر یہ جس کے پاس بھی محکمہ ہے، مجھے نہیں پتہ کس کے پاس ہے، آپ کے پاس ہے، پھر میں منسٹر صاحب پہ اور سیکرٹری ویلفیئر ایجوکیشن پہ تحریک استحقاق لا رہی ہوں اور آج ہی لا رہی ہوں، کیونکہ بار بار میرے کہنے کے باوجود میں پاپولیشن کی کمیٹی کی چیئرپرسن ہوں، وہاں پہ میں نے ان کو بلایا بھی، پھر میں نے جو سوشل ویلفیئر کی جو چیئرپرسن ہے، ان سے بھی بات کی ہے، Women's Empowerment کو یہ کیوں نہیں فعال کرتے، Women's Empowerment کو یہ کیوں نہیں Women کو یہ Power دیتے، یہ کیوں نہیں Policy matters میں ان کو بٹھاتے، ان کو ڈر ہے کہ ہم کہیں پیچھے نہ رہ جائیں اور عورتیں ہم سے آگے نہ نکل جائیں۔ تو میڈم سپیکر صاحبہ، آپ اس پہ رولنگ دیں کہ ایک ہفتے کے اندر اندر یہ کمیٹیاں بنا کے آپ کو رپورٹ دیں Otherwise جب بجٹ سیشن آئے گا تو اس میں میری یہ حالانکہ اس میں یہ نہیں ہوتا لیکن میں یہاں پہ پھر شور بھی مچاؤں گی، میں یہاں دھنگا بھی کروں گی، میں یہاں پہ فساد بھی کروں گی، کیونکہ Women's Empowerment کے لئے میرا نعرہ ہے کہ:

<u>Mst. Chairperson</u>: Thank you Madam!

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: کہ Women's are super women۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: Thank you Madam۔ منسٹر صاحب! Respond کر دیں۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: سپیکر صاحبہ!

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: جی۔

جناب رنجیت سنگھ: شکریہ سپیکر صاحبہ۔ میں اسی حوالے سے پہلے بھی بات کر چکا ہوں، اس دن بھی اس ڈیپارٹمنٹ پہ بات ہو رہی تھی تو یہاں بار بار بتایا گیا کہ فلاں فلاں جگہ پہ اتنے اتنے لوگوں کو یہاں پہ بھرتی کیا گیا، ہم ہمیشہ ایک بات کرتے ہیں، اس میں بھی میں نے ساری Details check کی ہیں، کہیں پہ بھی ہمارا کوٹہ جو تھا اس پہ کوئی کام نہیں ہوا۔ اقلیتی کوٹے کے مطابق اس میں بہت ساری پوسٹیں بنتی ہیں جس کا مجھے بڑے اچھے طریقے سے پتہ ہے کہ اقلیتی کوٹے کے مطابق جو ہے، وہ ہماری جتنی بھی اقلیتیں تھیں، ان کو وہاں پہ وہ ملازمتیں نہیں ملیں، ہم بار بار اسمبلی فلور پہ اس بات پہ بات کرتے ہیں کہ جہاں پہ بھی پانچ فیصد کوٹہ ہے ہمارا تمام ڈیپارٹمنٹس کے لئے ان کو چاہیئے کہ وہ جب بھی ملازمتیں ایڈورٹائز کرتی ہیں تو اس میں اقلیتوں کا کوٹہ ضرور جو ہے، اس کے مطابق اقلیتوں کو ہی رکھا جائے۔ بہت سارے ایسے ڈیپارٹمنٹس ہیں میں اس سے ہٹ کے بھی بات کروں تو وہاں پہ بھی ہمیں پتہ چلتا ہے کہ جو اقلیتوں کے لئے ملازمتیں تھیں، میں کسی بھی بی پی ایس کی بات نہیں کر رہا چاہے وہ کلاس فور ہے، چاہے 16 سکیل کی پوسٹ ہو، یا 14 کی ہو، جو بھی ہو، لیکن وہاں پہ   ہمارا کوٹہ جو بھی وہاں کوٹہ بنتا ہے، وہ Implement نہیں ہوتا ہے، تو اس میں بھی میں چاہوں گا کہ آپ جو ہمارے منسٹر صاحب ہیں، وہ اس پہ ہمیں بتادیں کہ یہ جتنے لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہیں اس میں کیا Minority کے لوگ بھی کئے ہیں یا نہیں ؟ اس کی ذرا تفصیلات دے دیں۔

Mst. Chairperson: Concerned Minister to respond.

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں):   میڈم سپیکر صاحبہ، سب سے پہلے جو نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ نے جو کمیٹیوں کے بارے میں سوال کیا، تو مجھے تو اس کے بارے میں پتہ نہیں ہے-----

(اس مرحلہ پر محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ نے تالیاں بجائیں)

وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں: باقی میں پوچھ لوں گا کیونکہ میں ابھی ابھی آیا ہوں کہ کیوں ابھی تک یہ کمیٹیاں نہیں بنی ہیں، اگر بنی ہیں تو پھر میں ان کے ساتھ شیئر کر لوں گا، اگر نہیں بنی ہے، تو یہ میرے ساتھ مل لیں، میں ان کو بلاؤں گا، چیئرپرسن کو اور ان کے ساتھ بٹھاؤں گا اور جو جو کمیٹی نہیں بنی ہے تو ان کو ہم بنالیں گے۔ باقی رنجیت بھائی کا جو کوسچن ہے کے Minorities کے کوٹے کا، تو Minorities کو ہم اپنا کوٹہ دے رہے ہیں لیکن ان کا دو فیصد کوٹہ ہے سوشل ویلفیئر کا، زکواۃ میں اتنی

Vacancies نہیں ہیں کہ ہم ان کو دے دیں، باقی ان کا جو حق بنتا ہے ان کو ملا ہو گا، اگر نہیں ملا ہے تو میں ذمہ دار ہوں ان کو اپنا حق دے دیا جائے گا۔

محترمہ چیئرپرسن: Next Question پہ چلیے جاتے ہیں، منسٹر صاحب نے Respond کر دیا ہے، میڈم کو بھی Ensure کرادیا ہے اور آپ کو بھی Ensure کرادیا ہے پھر آپ۔۔۔۔۔

جناب رنجیت سنگھ: دیکھیں جہاں پہ بھی بات ہوتی ہے، دیکھیں یہ ہمارے لئے بڑی شرم کی بات ہے، یہ نہایت شرم اور افسوس کا مقام ہے کہ اسی اسمبلی فلور پہ ہم بار بار ایک چیز کہتے ہیں، ہمارے ممبران کو آج تک نہیں پتہ، ہماری اقلیتی حقوق کے بارے میں ہمارے ممبران اسمبلی کو نہیں پتہ ابھی تک کہ یار ہمارا Two percent quota ہے یا Five percent quota ہے، چلیں سیٹیں ہونا یا نہ ہونا ایک الگ بات ہے لیکن میں، آپ میرے بھائی ہیں، آپ ہمارے لئے بھی قابل احترام ہیں، میں ان کی بات نہیں کر رہا لیکن آج تک کیوں انہیں نہیں پتہ کہ ہمارے لئے پانچ فیصد کوٹہ ہے کسی بھی ڈیپارٹمنٹ میں؟ میں یہی چیز آگے بھی کہہ رہا تھا کہ میں چاہوں گا کہ آج آپ رولنگ دیں یہاں سے کہ جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں، جہاں پہ ہمارا کوٹہ ہے اور وہ کوٹہ ہماری حکومت نے کیا ہوا ہے اور وہ پانچ فیصد کوٹہ ہے جس کا Credit میرے یہ اقلیتی ایم پی ایز ہمیشہ بڑی بڑی تقریروں میں کرتے ہیں، کھڑے ہو کے کہ ہم نے آپ کے لئے پانچ فیصد کوٹہ کیا، پانچ فیصد کوٹہ کیا۔ میرے بھائی آپ کے تو خود ہی پی ٹی آئی کے ممبرز آج اس چیز کو Accept نہیں کر رہے ہیں۔ ان کو نہیں پتہ، پہلے میری درخواست ہے ان سے، دونوں جو میرے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں کہ اپنے ممبران کو بتائیں کہ ہمارا پانچ فیصد کوٹہ ہے اور اس کوٹے کو Implement بھی کیا جائے اور Secondly میں چاہوں گا کہ آپ ایک رولنگ دے دیں کہ جتنے ڈیپارٹمنٹس ہیں وہ اس کو Implement کریں، ایسا نہ ہو کہ وہ سوئے رہے اسی طرح، ہمارا پانچ فیصد کوٹہ ہے اور وہ پانچ فیصد کوٹہ ابھی میرے خیال میں وزیر بھائی اٹھ بھی گئے ہیں، وہ ضرور اس کو بھی کلیئر کر دیں گے اور ہمارے منسٹر صاحب کو بھی پتہ چل جائے گا۔

محترمہ چیئرپرسن: جی منسٹر صاحب، وزیرزادہ صاحب۔۔۔۔۔

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں): یہ ہمارے دوست ہیں۔

محترمہ چیئرپرسن: وزیرزادہ صاحب کا Mike on کریں۔

وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں: میڈم سپیکر صاحبہ، یہ ہمارے دوست ہیں جتنا ہمارا حق ہے نوکریوں پہ اتنا ان کا حق ہے۔ یہ آج میرے ساتھ بیٹھ جائیں، اجلاس کے بعد میرے آفس آ جائیں، میں اپنے ڈائریکٹر کو بلاؤں گا اور ان کو میں مطمئن کر لوں گا، ان کا جو بھی حق بنتا ہے تو ان کو اب میرے ڈیپارٹمنٹ میں خاص کر ان کو اپنا حق ملے گا ان شاء اللہ۔

محترمہ چیئر پرسن: وزیر زادہ صاحب، کا Mike کھول دیں۔

جناب وزیر زادہ (معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے اقلیتی امور): میڈم سپیکر، رنجیت صاحب کو اس بات پہ خوش ہونا چاہیئے کہ پاکستان تحریک انصاف کی پچھلی گورنمنٹ نے Three percent quota جو ہے Minorities کو دیا ہے اور اس گورنمنٹ نے Five percent کر دیا ہے، یہ History میں کبھی ہمارے حکومت کے علاوہ کسی گورنمنٹ نے Minorities کو اب، آپ History اٹھا لیں، صرف کلاس فور کے علاوہ کوئی Job نہیں ملتا تھا اور اس پہ Implementation کی بات محترم ایم پی اے صاحب نے جتنی Implementation minorities کے کوٹے کا ان تین سالوں میں ہوا ہے، میں آپ کو بتاؤں 94 لیکچررز کی بھرتی جاری ہے، 94 لیکچررز، ڈاکٹرز، ہمیں انجینئرز نہیں مل رہے ہیں، مختلف ڈیپارٹمنٹس میں جو ہمارا Quota vacant ہے، ہمیں Candidates نہیں مل رہے ہیں یہاں تک Implementation ہے اور یہ بھی میں بتانا چاہوں کہ حالیہ جو جیل پولیس میں بھرتی ہو رہی ہیں یا انجینئرز بھرتی ہوئے ہیں، پولیس میں تو جو Passing marks ہیں، ہماری گورنمنٹ نے وہ بھی کم کر دیئے ہیں Minorities کے لئے، چاہے 20 نمبر لے لیں تب بھی ان کو وہ کر رہے ہیں۔ سوشل ویلفیئر کے حوالے سے جیسے محترم ایم پی اے صاحب نے بات کی، یہ کوئی کچھ مہینے پہلے، کچھ مہینے پہلے ہی 12 پوسٹیں ایڈورٹائز ہوئی تھیں، یہ روزانہ کی بنیاد پر ہو رہی ہیں۔ تو ہماری حکومت، ہم روزانہ لگے ہیں اس پہ Implementation of minority quota میں، تو میں تو ڈیٹا دے دونگا اسٹیبلشمنٹ سے سردار صاحب کو اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ پریس کانفرنس کر کے ہماری حکومت کا شکریہ بھی ادا کریں گے۔

Mst. Chairperson: Thank you Minister Sahib. Question number five, 13931, Inayatullah Khan, lapsed. Question number six, 14092, Mr. Sirajuddin Sahib.

* 14092 _ <u>جناب سراج الدین (سوال محترمہ ریحانہ اسماعیل نے پیش کیا)</u>: کیا وزیر سوشل ویلفیئر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) اس وقت صوبہ میں موجود دستکاری سنٹرز کی ضلع وار تعداد کیا ہیں؛

(ب) صوبہ میں کتنے دستکاری سنٹرز سرکاری بلڈنگ، کتنے سنٹرز کرایہ یا عطیہ شدہ بلڈنگز میں قائم ہیں؛

(ج) صوبہ میں دستکاری سنٹرز تعینات عملہ کی سکیل اور ضلع وار تعداد کیا ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں)</u>: (الف) اس وقت محکمہ سماجی بہبود کے تحت کل 123 دستکاری سنٹرز کام کر رہے ہیں جن کی ضلع وار تفصیل (لف) ہے۔

(ب) سرکاری اور کرایہ بلڈنگز میں قائم دستکاری سنٹرز کی تعداد (لف) ہے۔

(ج) محکمہ ہذا میں کام کرنے والے 123 سنٹرز میں کل 123 NCIs مختلف سکیلز (BPS 9, 10, 11, 12) میں کام کر رہے ہیں جبکہ 123 آیا BPS-03 اور 123 چوکیدار BPS-3 میں کام کر رہے ہیں۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: سپلیمنٹری۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: سراج الدین صاحب کے کوئسچن میں، سراج الدین صاحب کے کوئسچن میں؟

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: جی۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: جی ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔ ریحانہ اسماعیل صاحبہ کا Mike کھول دیں۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: شکریہ میڈم۔ میڈم، یہ سراج الدین صاحب کا کوئسچن ہے، یہ دستکاری سنٹرز کی تفصیل کا پوچھا گیا ہے لیکن اگر آپ تفصیل دیکھیں تو اس میں Merged اضلاع کی کوئی تفصیل نہیں دی گئی۔ دوسرا (ب) جز میں دیکھیں تو یہ سارے Rental buildings میں قائم کئے گئے ہیں اور اس تفصیل میں بھی اگر دیکھیں تو یہ ادھر بیٹھے ہوئے ممبران کو کیا سمجھتے ہیں؟ اس تفصیل میں لکھا گیا ہے کوہستان زیرو، زیرو، زیرو، زیرو، تو یہ کونسی تفصیل ہے؟ اور تیسرا اس میں جو انہوں نے (ج) میں جو سوال کیا ہے کہ جس میں تعینات سکیل وار تعداد بتائی جائے، اس میں بھی کوئی Detail نہیں دی گئی۔ تو یہ منسٹر صاحب بتائیں، یہ تو بھیجنا چاہیئے کمیٹی میں، اس میں کوئی بھی تفصیل نہیں ہے۔

محترمہ چیئرپرسن: جی، میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی میڈم سپیکر صاحبہ، میں اس پہ دوبارہ آپ سے رولنگ مانگنا چاہتی ہو، میں نے آپ سے رولنگ مانگی ہے۔ دیکھیں اگر آپ رولنگ نہیں دیں گی تو میں بار بار اٹھوں گی کیونکہ یہ بہت زیادہ Important چیز ہے، مجھے ان منسٹروں کی Assurance پہ کوئی یقین نہیں ہے، نہ ہی یہ اپنا کام پورا کرتے ہیں۔ یہاں پہ تیمور جھگڑا صاحب نے کتنی Assurances دی ہیں، کہاں گئیں وہ Assurances؟ شوکت یوسفزئی نے کتنی Assurances دی ہیں؟ جب میں نے ان سے کہا کہ پولیس کی تنخواہ کم ہے تو انہوں نے کہا کہ یہ ڈیپارٹمنٹ تو پولیس کے پاس آتا ہے۔ میڈم سپیکر صاحبہ، پولیس کا ڈیپارٹمنٹ تو خود اپنی تنخواہیں زیادہ نہیں کر سکتی ہیں یہ حکومت کا کام ہے کہ وہ تنخواہیں زیادہ کریں گے۔ تو انہوں نے مجھے غلط جواب دیا لیکن میڈم سپیکر صاحبہ، خدا کے لئے ہاتھ جوڑتی ہوں کہ اس اسمبلی کو اپنے منسٹروں کو کہیں کہ مذاق نہ بنائیں، ہمیں دوسری اسمبلیاں، ہمیں پوری World دیکھ رہی ہوتی ہے براہ راست Coverage سے، تو مہربانی کریں کہ ان کو کہیں کہ آپ رولنگ دیں گی تو تب میں بیٹھوں گی ورنہ میں ہر کوسچن پہ اٹھوں گی، آپ رولنگ دے کے یہ ایک ہفتے کے اندر اندر کمیٹیاں بن جائیں، کیونکہ سیکرٹری صاحبہ سے میری بات ہوئی، انہوں نے بھی، بہت اچھی عورت ہے، وہ Competent عورت ہے، بہت مطلب ان کا جو انداز Work ہے وہ مجھے بہت پسند ہے لیکن اس کے باوجود ان کو Hurdles ہیں۔ تو وہ Hurdles کون دور کرے گا، کیبنٹ میں کون کرے گا۔ تو یہی منسٹر صاحب کریں گے نا، سیکرٹری صاحبہ تو نہیں بیٹھی ہوں گی نا وہاں پہ؟ تو ان سے Assurance لیں۔ ان سے یہ مجھے Assurance دے دیں کہ ایک ہفتے کے اندر یا پندرہ دن کے اندر اندر یہ کمیٹیاں بن جائیں گی کیونکہ دو سال ہو گئے ہیں۔ Enough is enough Madam Speaker صاحبہ، ان منسٹروں کو بھی ذرا کچھ ڈانٹ پلا دیا کریں۔ ہمیں تو آپ کہتی ہے Mike بند کر دیں، فلاناں کر دیں، دھمکا نا کر دیں لیکن ان کو بھی تو بتائیں نا کہ ان کا کیا، یہ Salaries کس بات کی لیتے ہیں مجھے بتائیں، یہ Salaries کس بات کی لیتے ہیں؟

محترمہ چیئرپرسن: میڈم! آپ کا پوائنٹ آگیا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، آپ مجھے۔۔۔۔۔

محترمہ چیئرپرسن: منسٹر صاحب Respond کر دیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، آپ مجھے رولنگ دیں، آپ ان کو رولنگ دیں۔

محترمہ چیئرپرسن: سپلیمنٹری کوئسچن دوسرا بھی ہو جائے، اس کے بعد پھر کرتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Okay، ورنہ میں پھر اٹھوں گی۔

محترمہ چیئرپرسن: جی جی، آپ کا اس میں سپلیمنٹری کوئسچن ہے؟

میاں نثار گل: جی مجھے ایک بات کا موقع دیں۔

محترمہ چیئرپرسن: کوئسچن ہے آپ کا؟

میاں نثار گل: آپ کو مبارکباد دے رہا ہوں۔

محترمہ چیئرپرسن: وہ بعد میں پھر کر لیں گے، پھر یہ کوئسچن۔۔۔۔۔

میاں نثار گل: جلدی جلدی، سوال ہے میرا، آپ مجھے فلور دے دینا؟

محترمہ چیئرپرسن: جی جی۔

نکتہ اعتراض

میاں نثار گل: سپیکر صاحبہ، آپ کو مبارک ہو لیکن اسمبلی کو رولز آف بزنس پہ چلنا چاہیئے، آپ کے ساتھ پاور ہے، آپ سپیکر ہیں، ادھر جب ایک سوال آتا ہے، اس سے پہلے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کہتا ہے کہ جب Mover موجود نہیں ہوتا تو پھر اس پہ آپ بات نہیں کر سکتے۔ ہم یہ بولا کرتے تھے کہ یہ پراپرٹی ہوتی ہے اسمبلی کی اور آج Mover نہیں ہے اور آپ اس پہ ضمنی سوالات بھی لے رہی ہیں۔ آج آپ نے پھر رولنگ دینی ہو گی کہ اس کے بعد جو بھی سوالات آئیں گے وہ پھر اسمبلی پراپرٹی ہو گی اور اس میں اگر Mover نہ بھی ہو تو ہم ضمنی سوالات کر سکتے ہیں، کیونکہ اسمبلی کو ایک مرضی پہ نہیں چلنا چاہیئے، اس کرسی کے جو رولز ہیں، جو بزنس ہے اسی پہ چلنا چاہیئے، آپ نے اس پہ رولنگ دینی ہو گی کہ آیا اس کے بعد اس سے پہلے سپیکر نے اگر کوئی سوال، ہم کہتے ہیں کہ اسمبلی میں آیا ہوا ہے ہمیں موقع دے دیں، وہ کہتے ہیں کہ Mover موجود نہیں ہے اور آج آپ نے موقع دے دیا۔ مجھے پتہ نہیں ہے کہ کس طرح چل رہی ہے یہ اسمبلی؟ Thank you so much۔

محترمہ چیئرپرسن: نثار گل صاحب! میرے خیال میں اس میں رولنگ کی ضرورت نہیں ہے، میں نے Consultation کی تو اس کے بعد Allow کیا، 45 نمبر Rule ہے اور اس میں (3) Sub-rule ہے:

"If on a question being called, it is not put or the Member in whose name it stands is absent, the Speaker, at the request of any other Member, may direct that the answer to it be given."

منسٹر صاحب Respond کردیں، پلیز۔

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں): جو سراج الدین خان کا کوئسچن ہے جو انہوں نے کیا تھا؟

محترمہ چیئرپرسن: وہی والا۔

وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں: اس کا جواب انہوں نے، ہم نے Detail سے دیا ہے۔

محترمہ چیئرپرسن: لیکن اس میں سپلیمنٹری کوئسچز ہیں ایک ریحانہ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ایک میرا سپلیمنٹری ہے ایک اس کا سپلیمنٹری ہے۔

وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں: آپ کے سپلیمنٹری کا میں پندرہ دن آپ کو ٹائم دے دیتا ہوں، پندرہ دن کے اندر اندر جتنی بھی کمیٹیاں نہیں بنی ہیں، (تالیاں) ادھوری ہیں وہ ان شاءاللہ ہم بنالیں گے۔

محترمہ چیئرپرسن: اس میں Merged areas کی Details نہیں تھیں وہ ان کو اگر Provide کئے جائیں۔

وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں: بالکل جی Merged areas کی بھی ہیں ہم نے پوری Planning کی ہے Merged areas کے لئے پھر میں کسی ٹائم ان کو Detail بتادوں گا۔ باقی سراج الدین خان کا جو کوئسچن ہے ان کا تو Detailed جواب ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے آیا ہوا ہے کہ اس وقت محکمہ سماجی بہبود کے تحت کل 123 دستکاری سنٹرز کام کر رہے ہیں جن کی ضلع وار تفصیل لف ہے، موجود ہیں۔ سرکاری اور کرایہ بلڈنگز میں قائم شدہ دستکاری سنٹرز کی تعداد لف ہے، وہ ساری Detail موجود ہے۔ محکمہ ہذا میں کام کرنے والے 123 سنٹرز میں کل 123 NCIs مختلف سکیلز (BPS 9, 10, 11, 12)، کام کر رہے ہیں جبکہ 123 آیا BPS-3، 123 چوکیدار BPS-3 تین کام کر رہے ہیں۔ تو ان کی پوری Detail اس کے ساتھ موجود ہے۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: جی منسٹر صاحب! ریحانہ اسماعیل صاحب کو تو آپ نے Ensure کرا دیا۔ میڈم کا Concern وہی ہے کہ وہ Committees ابھی تک نہیں بن رہی اور اس میں میرے خیال سے میں بھی Involve رہی ہوں اور یہ دو سال ہو گئے ہیں، اس Bill کے حوالے سے چیف سیکرٹری آفس کو بھی On board لیا گیا ہے اور سیکرٹری صاحبہ بھی اس میں لگی ہوئی ہے لیکن وہ Committee ensure کرانی ہے تب ہی وہ Implementation ہو سکے گا جو Law ہم نے پاس کیا تھا۔

<u>وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں</u>: میڈم سپیکر صاحبہ، مجھے تو تقریباً تین چار مہینے ہو گئے کہ مجھے یہ ڈیپارٹمنٹ ملا ہے۔ میں ان شاء اللہ آپ کو بھی Assure کراتا ہوں اور پورے ہاؤس کو Ensure کراتا ہوں کہ پندرہ دن کے اندر اندر جتنی بھی کمیٹیاں نہیں .بنی ہیں اہ ان شاء اللہ ہم پوری کریں گے اور بنالیں گے۔

<u>Mst. Chairperson</u>: Thank you. Question No. 13991, Sahibzada Sanaullah, lapsed. Question number eight, 14674, Mst. Samar Haroon Bilour, lapsed. Question number nine, 13996, Mr. Salahuddin.

* 13996 _ <u>Mr. Salahuddin:</u> Will the Minister for Finance state that:
(a) How many banks are operating in Khyber Pakhtunkhwa;
(b) How much profit are these banks making in Khyber Pakhtunkhwa;
(c) How much of their profit are these banks investing in Khyber Pakhtunkhwa;
(d) All the details may be provided please?

<u>Mr. Taimur Saleem Khan (Minister for Finance) (Replied by Minister Law)</u>: Since the question pertains to seeking information from the Banking sectors, therefore, State Bank of Pakistan as well as Bank of Khyber Pakhtunkhwa (being Provincial Bank) was asked for provision of the said information (Annex-I & II). In reply the Bank of Khyber stated that the requisite information pertains to other Banks in the industry which is not publicly available (Annex-III). The State Bank of Pakistan also replied that their regional offices of SBP-BSC do not have access to such information and suggested to approach the office of the Governor State Bank of Pakistan, Karachi (Annex-IV). Subsequently, office of the

Governor SBP Karachi was requested (Annex-V), which now replied as under (Annex-VI):

- <u>Reply to S.No A.</u> Total number of banking branches operating across the country is 16567 as on 30-06-2021. Currently 27 commercial banks and 09 Microfinance banks are operating in KP with 1868 branches and 91 branches respectively. Moreover, 72232 branches banking agents are also operating in KP.
- <u>Reply to S.No. B</u>. Each bank's profit is consolidated at their Head office level country-wide and is disclosed in their annual financial statements. The financial statements (closing balances of schedule banks 2019) of the banks are at (Annex-VII). Besides, financial outreach of banks in the rural and underserved areas of the country with special focus on KP and Balochistan has always remain one of the top most agendas of SBP's National Financial inclusion Strategy.
- <u>Reply to S.No. C.</u> SBP encourages all the banks to enhance their footprint and lending in smaller provinces. Tough, the banks do not maintain the information on appropriation of its profits in any particular province. However, the growing trend of bank's branch/ATM/BB Agent network in KP reflects that the banks are reinvesting considerable amount of resources in KP. Trend in bank's network expansion in KP is given below:

Description	Dec-17	Dec-18	Dec-19	Dec-20
Branches	1,537	1,667	1,744	1,803
ATMs	1,160	1,288	1,393	1,504
Branchless Banking Agents	41,369	43,788	68,946	72,232

<u>Mr. Salahuddin</u>: Thank you Madam Chairperson. My question was related to how many banks are working in Pakhtunkhwa and it's very ironical; it's very ironical to note that the current government of Pakhtunkhwa they had no clue of it; they did not know that to how many banks are operating. Then in annexure I & II of their response, they are telling me of their interaction with different banks, with the State Banks of Pakistan, they are getting all these information from, okay fair enough, but later on I was told that okay that many banks are operating but then I asked how much profits are these banks, these microfinance banks, this one, these banks, how much of the profit these banks making in Khyber

Pakhtunkhwa and I was told, they have no clue, they have no idea and they have no access and then they are at their annexures they are telling me that they had some conversation with different banks and they were told to go to the State Bank of Pakistan or to the Governor State Bank of Pakistan,) well they could have very well contacted or got these information from the Federal Beauru of Statistics but they did not do, they did not bother, they are not taking our questions seriously and this is not only my question this is the Assembly question so they should have taken it very seriously so I am not in general not happy with this reply because they have no idea how much profit are they making in Pakhtunkhwa and how much of their profit or they are reinvesting in Khyber Pakhtukhwa at all, if I could have a response, please.

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: گورنمنٹ سے کون Respond کرے گا؟

<u>جناب نثار خان</u>: میڈم! میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: سپلیمنٹری ہے میری۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: جی نثار صاحب کا Mike کھول دیں، Mike کھول دیں نثار صاحب کا۔

<u>میاں نثار گل</u>: وہ کہتے ہیں کہ فلور مجھے دے دیا۔

<u>جناب نثار احمد</u>: شکریه سپیکر صاحب، ډیره مننه۔ د صلاح الدین صاحب کوئسچن د بینک په حواله دے نو زه به صرف دومره یو خبره جی خپله Add کول غواړمه چې زمونږه د مهمند ډیم درې سوه نهه اربه روپئ چې کومې زمونږ د صوبې په انتظامی دغه کبنې دلته لګیا دی خرچ کیږی خو د هغې پیسې پنجاب بینک کبنې جمع کیږی، د هغې چې کوم آمدنی ده او کومه ګټه څه حساب بینک کوی هغه هغه طرف ته روانه ده۔ زما به خواست وی چې صوبائی حکومت د په دې باندې په سنجیدګئ سره دغه واخلی څومره پیسې چې دلته په پراجیکټو کبنې خرچ کیږی چې هغه د خیبر بینک د لارې خرچ کیږی چې فائده ئې زمونږ صوبې ته پاتې کیږی۔

<u>محترمہ چیئرپرسن</u>: گورنمنٹ سے کون Respond کرے گا؟

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: جی میرا ایک سپلیمنٹر سوال ہے۔

محترمہ چیئرپرسن: جی ان کا Mike کھول دیں۔

جناب رنجیت سنگھ: شکریہ۔ میں نے اس دن بھی چند روز پہلے بھی اس حوالے سے بات کی تھی لیکن شاید ہمیں یہاں امید تھی کہ جب ہم یہاں بات کرتے ہیں تو Definitely اس کا کوئی نہ کوئی ہمیں جواب ملتا ہو گا۔ ہمارے صوبے کا بینک ہے خیبر بینک اور ہمارے اپنے صوبے کے ڈیپارٹمنٹس ہیں، میں اس سے پہلے بھی یہ بات کر چکا ہوں کہ امدادی Cheques تقسیم کئے جا رہے ہیں ہمارے اوقاف ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اور وہ چیکس صرف ابھی یہ ایک وہ ردی کی طرح پڑے ہوئے ہیں کیونکہ صوبہ خیبر پختونخوا کا اپنا بینک خیبر بینک جو ہے وہ اس وقت لوگوں کے جو ہیں اکاؤنٹس کھولنے کو تیار نہیں ہے، لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ میری آپ سے Request ہے کہ آپ یہاں سے ضرور رولنگ دیں کہ یہاں جتنے بھی Minorities ہیں ان کے خیبر بینک میں اکاؤنٹ کھولا جائے تاکہ وہ اپنے Cheques کو Cash کرا سکیں۔ اگر ایسا نہیں کر سکتے تو میری Request یہ بھی ہے کہ Open cheque دیا جائے یا تو کیونکہ اتنے نالائق سیکرٹریز وہاں بٹھا دیئے جاتے ہیں جو Minorities کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ذرا سی بھی تکلیف نہیں کرتے۔ میں سیکرٹری اوقاف کی بات کرتا ہوں، کل غالباً جا بھی چکا ہے۔ وہ اتنا نالائق سیکرٹری تھا کہ اس کے پاس یہ، یہ بات ہم بتاتے بھی نہیں لیکن اس نے حل نکالنے کی کوشش نہیں کی۔ ان کو یہ پتہ ہے کہ مجھے Crossed cheque دینا ہے وہاں پہ اور اس کے علاوہ کوئی حل نہیں ہے، وہ Crossed cheques دیتے ہیں اور وہاں پہ جو بیوائیں، جو مالی امداد کے مستحق لوگ تھے، جو سٹوڈنٹس تھے ان Cheques کو گھروں میں لے کے بیٹھے ہیں نہ وہ بچے فیسیں جمع کرا سکتے تھے اور نہ وہ Cheque ان کا کسی کام آ رہا تھا۔ میری آپ سے Request ہے یا تو ڈیپارٹمنٹ کو کہا جائے کہ ان لوگوں کو ایسے Cheques نہ دیئے جائیں Open cheques دیئے جائیں یا پھر خیبر پختونخوا کا اپنا جو بینک ہے ہمارا، خیبر بینک کو یہ کہا جائے کہ آپ لوگوں کے اکاؤنٹس کھولیں، آپ ان کو Facilitate کریں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا اس دن کہنے کا، آج امید ہے کہ آج آپ بیٹھی ہیں تو ان شاء اللہ کوئی نہ کوئی ریزلٹ ضرور نکلے گا۔

محترمہ چیئرپرسن: جی آپ کا کوسچن آ گیا۔ گورنمنٹ سے کون Respond کرے گا؟

جناب رنجیت سنگھ: کوئی بھی نہیں ہے۔

محترمہ چیئرپرسن: جی لاء منسٹر صاحب۔

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Thank you Madam۔ صلاح الدین صاحب کے کوئسچن کا پہلے جواب دے دوں۔ ان کو تو میرے خیال میں تفصیل دی گئی ہے I don't Know کہ ان کو اور کیا تفصیل چاہیئے۔ اس میں انہوں نے Number of Banks بھی کہ یہ بتا دیئے اور Annexure VII پہ جو Profit یہ Gain کر رہے تھے Basically Madam جو Banks ہوتے ہیں ان کے Profit پہ تو اتنا ہم نہیں جا سکتے کیونکہ ان کی اپنی ایک وہ ہے لیکن جو اس صوبے کے ساتھ جو ان کا کہنا ہے کہ Reinvest ادھر کس طرح کر رہے ہیں؟ تو میڈم، Reinvest اگر آپ دیکھیں اس پہ سوال تو جواب میں ان کو دسمبر 19-18-2017 اور 2020 کے Figures دیئے گئے ہیں، وہ Branches جو ہیں وہ ان کی بڑھ رہی ہیں تو جو بڑھ رہی ہیں مطلب یہ ہے کہ ان کی یہاں پہ Reinvestment ہو رہی ہیں اور Reinvestment جو Branch بڑھتی ہے تو اس میں ان کے Obviously employees بھی لئے جاتے ہیں، تو اس طرح جو ہے ہماری صوبے کی جو Economy ہے اس کے ساتھ تھوڑی سی بھی Help-out ہو رہی ہے، یہ جواب ہے اور باقی تو ان کو میرے خیال میں تفصیل ساری دی گئی ہے کہ کتنے Branches ہیں اور وہ وغیرہ، میں نہیں سمجھتا کہ ان کو اب کیا تفصیل چاہیئے۔ نثار بھائی نے جو کہا ہے تو وہ تو اس کے سوال کے ساتھ اس کا تعلق نہیں ہے تو میں ان کا پتہ کروالوں گا اس کا مجھے اس وقت، اس سوال کے ساتھ وہ تعلق نہیں رکھتا، Fresh Question میں اگر ہے تو پھر بھی اس کا میں جواب دے دوں گا۔

محترمہ چیئرپرسن: Minorities کا جو کوئسچن تھا۔۔۔۔۔

وزیر قانون: Minorities کا بھی میں وہ سوال، میں ان کو میڈم، میڈم! ان کو میں ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بٹھادوں گا اور میں ان کو Assurance، فنانس کے ساتھ۔۔۔۔۔

محترمہ چیئرپرسن: وزیرزادہ صاحب! اگر آپ Respond کریں، اس پہ پھر اگر Fresh Question آپ لے آئیں تو اس کو اس طرح سے Respond کر دیں گے۔

وزیر قانون: جی بالکل، ہے بھی اسی طرح جی لیکن میں ان کو۔۔۔۔۔

جناب وزیرزادہ (معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور): میں بتا دیتا ہوں۔

وزیر قانون: چلیں آپ، یہ جواب دے رہے ہیں اس کو۔

محترمہ چیئرپرسن: جی وزیرزادہ صاحب، وزیرزادہ صاحب کا Mike-----

معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور: جی میڈم سپیکر، یہ سردار صاحب ایک طرف تو کہہ رہا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ میں کچھ نہیں ہو رہا ہے پھر خود ہی کہتے ہیں کہ Cheques بن رہے ہیں-----

(قطع کلامی)

معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور: میں آ رہا ہوں اس پہ۔

محترمہ چیئرپرسن: آپ سنیں، آپ نے بات کر لی اب ان کی بات سنیں، آپ ان کی بات سنیں۔

معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور: اور خود ہی کہتے ہیں، اور یہ خود ہی کہتے ہیں کہ بڑے اچھے لوگوں کو Cheques دے رہے ہیں خود ہی اپنے سوالات کے نفی-----

(قطع کلامی)

معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور: یہ آج تک، یہ آج تک کوئی------

(قطع کلامی)

محترمہ چیئرپرسن: آپ بات سنیں اپنی بات۔

معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور: Being a minority میرے پاس اس کی چرچ ہے، کوئی بھی آج تک میرے پاس نہیں آیا ہے کہ خیبر بینک یا کسی بینک میں ہمارے اکاؤنٹس نہیں کھولے جا رہے ہیں۔ اگر ایسا کوئی ہے-----

(قطع کلامی)

معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے اقلیتی امور: دیکھیں یہاں پہ جتنے لوگوں کو ہم نے نوشہرہ سے لے کے ڈی آئی خان تک Cheques دیئے ہیں وہ، یہ Irrelevant question اس لئے ہے کہ بینک کو جو بھی جائے اس کی Formalities پوری کرتے ہیں وہ اکاؤنٹ کھول دیتے ہیں یہ ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ Minorities کے اکاؤنٹس میرے ساتھ آئیں، میں آپ کے ساتھ بینک چلا جاؤں گا ایسی کوئی بات ہے تو میرے ساتھ چلیں وہاں پہ اور یہ ویسے Irrelevant question ہے یہ۔

(تالیاں)

Mst. Chairperson: Question number ten, 14137, Mr. Khushdil Khan Advocate, lapsed.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

13831 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خواتین کو کاروباری مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے محکمہ کی زیر نگرانی کوئی منصوبہ جاری یا زیر غور ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں میں اس منصوبہ سے کتنی خواتین کس کس مد میں کس حد تک مستفید ہوئیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر و سماجی بہبود، خصوصی تعلیم اور ترقی نسواں): (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و بااختیار خواتین صوبہ خیبر پختونخوا نے خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے 15-2014 میں سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ایک سکیم موسوم (خیبر پختونخوا میں 125 دستکاری مراکز کا قیام) شروع کیا جس کی کل لاگت 301.128 ملین روپے تھی اور منصوبہ جون 2020 تک چلتا رہا اور اپنی تکمیل کی بنیاد کو پہنچ گیا جس میں کل 105 مراکز کو فعال بنایا گیا اور اس میں 210 خواتین کو پانچ سال کے لئے ملازمت عطا کی گئی۔ ان مراکز میں تقریباً 12 ہزار 350 خواتین کو مختلف ہنر مثلاً کشیدہ کاری، سلائی کڑھائی، مینہ کاری اور چمڑے کا کام وغیرہ سکھایا۔ مراکز کی ضلع وار تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

مندرجہ بالا سکیم کو 20-2019 میں سالانہ ترقیاتی سکیم ADP سے نکالا گیا لیکن اگلے سال حکام بالا کے ہدایات کے مطابق منصوبہ کو Non-ADP سکیم منظور کرائی گئی جس کی کل لاگت 99.645 ملین روپے تھی جس کے تحت ان تمام ملازمین کو ایک سال کی تنخواہیں دی گئیں۔ بعد میں سکیم ختم کر کے ملازمین کی SNE برائے ریگولر بجٹ کر کے فنانس ڈیپارٹمنٹ بھجوادی گئی، تاحال وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ میں زیر التواء ہے۔ مزید برآں محکمہ سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و بااختیار خواتین کے زیر انتظام خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں 117 ریگولر دستکاری سنٹرز بھی کام کر رہے ہیں۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

13931 _ جناب عنایت اللہ: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی ایکٹ کے تحت بعض پراجیکٹوں کو اپنی اصلی لاگت سے کئی گنا زیادہ بڑھانے کی اجازت ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اگر کوئی پراجیکٹ اپنی اصلی لاگت سے دس فیصد سے تجاوز کر جائے تو وزیر اعلیٰ صاحب کے اختیار کے تحت مذکورہ حد میں نرمی کی جاتی ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ صورتحال میں مذکورہ قانون کے مطابق پبلک نوٹسز جاری کئے جائیں گے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو 2013 سے 2020 کے عرصہ کے دوران وزیر اعلیٰ صاحب نے کتنی بار مذکورہ قانون کے تحت پراجیکٹ کی مقرر حد سے تجاوز کرنے کی صورت میں نرمی کی ہے، اگر کی ہے تو کس اخبار میں پبلک نوٹسز جاری کئے ہیں۔ اخبارات میں مشتہر شدہ پبلک نوٹسز کے نقول فراہم کی جائے۔ نیز اگر نہیں تو اس کی وجوہات بتائی جائیں؟

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ)</u>: (الف) درست نہیں KPPRA Act, Section 33 (2) اور (b)(i) (c) KPPRA Rules 10 (c) (i) اور (v) (c) 18 کے تحت ایک محکمہ کو کنٹریکٹ کی مقررہ حد میں صرف پندرہ فیصد تک اضافہ کی اجازت دیتا ہے۔

(ب) درست نہیں KPPRA Act 2012 کے Section 14 (1) (i) کے تحت حکومت مخصوص حالات میں پندرہ فیصد سے زیادہ کی صورت میں KPPRA Act 2012 کی کسی ایک یا تمام شقوں سے چھوٹ دے سکتی ہے جس کو مندرجہ ذیل الفاظ بیان کیا گیا ہے:

"Government on a specific request of the procuring entity or in public interest may exempt a procuring entity from some or all of the provisions of this Act for which reasons shall be recorded in writing. Government may seek comments of the Authority, if so required."

(ج) درست ہے۔ KPPRA Act 2012 کے Section 14 (2) کے تحت حکومت دی گئی چھوٹ کی تشہیر اخبارات کے ذریعے عوام الناس تک پہنچائے گی جس کو مندرجہ ذیل الفاظ میں بیان کیا گیا ہے:

"Government shall notify the exemption and publish the same for public consumption in the print media."

(د) تمام محکمہ جات کے انتظامی سربراہان سے بذریعہ خط نمبر KPPRA/Enf/Advice/12-83/2016-17/7209-17 مورخہ 24-01-2017 اور یاد دہانی خط نمبر KPPRA/Enf/Advice/13-

4/2016-17/7343-51 مورخہ 15-02-2017 مذکورہ معلومات KPPRA کو ارسال کرنے کی درخواست کی جاچکی ہے۔اس سلسلے میں متعلقہ محکمہ بھی اسمبلی کو آگاہ کر سکتا ہے۔

13991 _ صاحبزادہ ثناء اللہ: کیاوزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبائی کابینہ کے ہونے والے اجلاس مورخہ 4 مئی 2018 میں تمام انجینئرز کو 1.5% ٹیکینکل الاؤنس دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ٹیکنیکل الاؤنس صرف پانچ محکموں کو دیا گیا ہے جن میں محکمہ مواصلات و تعمیرات،بلدیات،آبنوشی،آبپاشی اور معدنیات شامل ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو باقی محکموں کے انجنیئرز کو ٹیکینکل الاؤنس کے حق سے محروم رکھا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): (الف) 24-05-2018 کو صوبائی کابینہ کے اجلاس کے بعد جاری کردہ نوٹیفکیشن میں مندرجہ ذیل محکموں کے انجینئرز کو 1.5% بنیادی تنخواہ کے برابر ٹیکینکل الاؤنس کی منظوری دی جس میں تعمیرات و مواصلات،آبپاشی،آبنوشی وبلدیات شامل ہیں۔

(ب) ہاں۔

(ج) حکومت دیگر جماعتوں کی بھی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ بجٹ سے پہلے الاؤنسز کے لئے تجاویز پیش کریں جن پر دستیاب مالی وسائل کے مطابق میرٹ پر فیصلہ کیا جائے گا۔

14674 _ Mst. Samar Haroon Bilour: Will the Minister for Social Welfare & Women Empowerment state that:

(a) In pursuance of the Judgment of the esteemed Lahore High Court dated 15.03.2017 WP No. 7122/2017, the Government has been directed to gather the census of real disabled people;

(b) Whether the said census is gathers in such a manner that differentiates between male and female? As this date will help in future planning?

Mr. Anwar Zeb Khan (Minister for Zakat Ushr, Social Welfare, Special Education and Women's Empowerment): (a) Yes. In pursuance of the Judgment of esteemed Lahore High Court and as per the mandate of this Department, Provincial Council for the

Rehabilitant of Disabled Persons (PCRDP), collects the data of persons with Disabilities (PWDs).
(b) Yes. It is collected and compiled in such manner that differentiate among all the categories of PWDs. (Detail of the compiled data is annexed.

14137 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیاوزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیایہ درست ہے کہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2013 کی شق نمبر 53 سب شق نمبر 4 کے تحت فانس کمیشن گورنمنٹ کو سالانہ رپورٹ پیش کرے گا جو کہ صوبائی اسمبلی میں پیش کرے گی؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 سے تاحال مذکورہ قانون کے تحت کتنی سالانہ رپورٹیں پیش کی جاچکی ہیں اور حکومت نے صوبائی اسمبلی میں کتنی سالانہ رپورٹیں پیش کی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز کیا ہر ممبر صوبائی اسمبلی کو سالانہ رپورٹ کی کاپی فراہم کی گئی ہے؟

(سوال کا محکمانہ جواب موصول نہیں ہوا)

اراکین کی رخصت

محترمہ چیئرپرسن: 'Leave applications', Item No. 3 'Leave applications':
